فوری ریلیز کے لیے: 2026/9/7 **گورنر KATHY HOCHUL**

یوم مزدور کے موقع پر، گورنر HOCHUL نے مزدور طبقے اور افرادی قوت کی ان کامیابیوں پر روشنی ڈالی جن کے نتیجے میں نیو یارک زیادہ حسب استطاعت بنا ہے اور کارکنوں کی حفاظتیں زیادہ مضبوط ہوئی ہیں

بڑی کامیابیوں میں کارکنوں کی زیادہ مضبوط حفاظتیں، ٹئیر 6 فوائد میں اضافہ، کارکنوں کے معاوضوں کے نظام میں بہتری، اور بالغ طلباء کے لیے کمیونٹی کالج تک مفت رسائی کو وسعت دینے جیسے امور شامل ہیں

یوم مزدور منانے کے لیے پوری ریاست نیو یارک میں 17 اہم اور تاریخی ریاستی مقامات پر سرخ، سفید، اور نیلے رنگ کی روشنیوں سے چراغاں کیا جائے گا

یوم مزدور کے موقع پر، گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ریاست نیو یارک کی جانب سے اپنی افرادی قوت کی مدد و معاونت کرنے اور اسے بااختیار بنانے اور نیو یارک کے محنت کش باشندوں کو محفوظ رکھنے کے مشن میں حاصل کردہ نمایاں اہم کامیابیوں پر روشنی ڈالی۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے یہ یقینی بنانے کے لیے بہت جانفشانی سے کام کیا ہے کہ ریاست نیو یارک کام کرنے، رہائش اختیار کرنے، اور خاندان کی پرورش کے لیے محفوظ اور حسب استطاعت جگہ ہو۔ اس سال، گورنر نے کامیابی کے ساتھ مزدوروں کی حفاظتوں کو مضبوط کیا، ٹیئر 6 ریٹائرمنٹ فوائد کو مزید بہتر بنایا، کارکنان کی اجرتوں کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے، اور تیزی سے ترقی کرتی ہوئی صنعتوں میں مشغول بالغ طلباء کو مفت کمیونٹی کالج تک رسائی دی۔ مزید برآں، گورنر اجرتوں کی چوری کے خلاف سخت اقدامات کرنے اور کام کرنے کے محفوظ حالات کی ضمانت دینے کے سلسلے میں قائدانہ کردار ادا کرتی رہتی ہیں جس سے نیو یارک کی افرادی قوت کی حمایت کرنے کا انکا وعدہ بخیر و خوبی پورا ہو رہا ہے۔

"روز اول سے، میری انتظامیہ نیو یارک کے کارکنان کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی رہی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ہم نے کم از کم اجرت میں اضافہ کیا ہے، موجودہ اجرتوں کو مزید مضبوط کیا ہے، اجرتوں کی چوری پر کریک ڈاؤن کیا ہے، افرادی قوت کی حفاظتوں کو وسعت دی ہے، افرادی قوت کی تربیت اور بلند طلب والے شعبوں میں مشغول بالغ طلباء کے لیے مفت کمیونٹی کالج کے ذریعے اچھے معاوضوں والی ملازمتوں کے نئے راستے تخلیق کیے ہیں۔ اب جبکہ ہم نے ان لوگوں کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھی ہوئی ہے جو ریاست نیو یارک کو زیادہ مضبوط اور زیادہ محفوظ بناتے ہیں اور ہر گزرتے دن کے ساتھ ہمیں آگے بڑھاتے ہیں، تو میں اس یوم مزدور پر اپنی مزدور تحریک کا جشن فخر کے ساتھ منا رہی ہوں۔"

منظم محنت کشوں کی ایک ثابت قدم حلیف کے طور پر، گورنر Hochul (ہوکل) نیو یارک کی افرادی قوت کی مدد و معاونت کرنے کا عزم مصمم رکھتی ہیں۔ گزشتہ برسوں کی تاریخی کامیابیوں کو مزید مہمیز دیتے ہوئے، گورنر نے پوری ریاست میں کارکنان کی مدد و معاونت، حفاظت، اور تربیت کے لیے اہم اقدامات کو وسعت دی ہے جن میں یہ اقدامات بھی شامل ہیں:

کارکنوں کے حفاظتی اقدامات کو تقویت دینا

- **اجرتوں کی چوری سے نمٹنا:** گورنر Hochul (ہوکل) کے زیر قیادت، NYSDOL ایک عدالتی فیصلے کے بعد اب غیر ادا شدہ اجرتوں کی چوری سے متعلقہ آرڈرز کے نفاذ کے لیے وارنٹ جاری کر سکتا ہے اور

مالی اثاثے ضبط کر سکتا ہے۔ 2025 میں، NYSDOL نے کھوئی ہوئی تنخواہوں کی مد میں $35 ملین سے زیادہ بازیافت کیے اور اجرتوں کی چوری سے متعلقہ مقدمات سے $2.2 ملین جرمانے وصول کیے، جو سنہ 2015 کے بعد سے سالانہ سب سے زیادہ رقم ہے۔ 2021 میں گورنر Hochul (ہوکل) کے عہدہ سنبھالنے کے بعد سے، NYSDOL نے 130,000 سے زائد کارکنان کے لیے $145 ملین سے زیادہ رقم بازیافت کروائی۔

- **موجودہ اجرت:** سنہ 2024 میں، NYSDOL نے ریاست نیو یارک کی نئی پبلک ورک کنٹریکٹر اور سب کنٹریکٹر رجسٹری (Public Work Contractor and Subcontractor Registry) قائم کی۔ اب تک، 14,579 رجسٹریشن سرٹیفیکیٹس جاری کیے جا چکے ہیں۔ مزید برآں، اس سال سے ریاست نیو یارک میں اجرتوں کے موجودہ منصوبوں پر کام کرنے والے ٹھیکیدار اور ذیلی ٹھیکیدار اب تصدیق شدہ پے رول ریکارڈز الیکٹرانک طور پر جمع کروانے کے پابند ہیں۔ ان ضوابط سے یہ امر یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے کہ کارکنان کو ان کے کیے ہوئے کام کے مطابق مناسب اجرت ملے۔ NYSDOL کی ویب سائٹ اب ایک ڈیمو ویڈیو، اپ ڈیٹ کردہ سوالات و جوابات، اور مزید بہت سی مفید چیزیں فراہم کرتی ہے تاکہ رجسٹری اور پے رول جمع کروانے کے ضابطوں پر عمل کرنے کی حوصلہ افزائی ہو۔

- **کارکنان کی حفاظت کے قوانین کی سالگرہ**: اس سال کارکنان کی حفاظت کے ان تین قوانین کی پہلی سالگرہ منائی گئی جو 2025 میں نافذ کیے گئے تھے: ریٹیل ورکر سیفٹی ایکٹ (Retail Worker Safety Act)، فیشن ورکرز ایکٹ (Fashion Workers Act)، اور ویئر ہاؤس ورکر انجری ریڈکشن پروگرام (Warehouse Worker Injury Reduction Program)۔ گزشتہ سال کے دوران، NYSDOL نے وسیع پیمانے پر پیشگی آگاہی کے اقدامات کیے، سینکڑوں ریٹیل مقامات کا دورہ کیا، اور آجروں اور ملازمین کے ساتھ رابطے کیے تاکہ پوری ریاست میں کارکنوں کے لیے ان توسیع شدہ حفاظتوں کی پابندی یقینی بنے۔

  - **ریٹیل ورکر سیفٹی ایکٹ** پوری ریاست میں 10 یا اس سے زیادہ کارکنان والے ریٹیل آجروں کو پابند کرتا ہے کہ وہ کام کی جگہ پر ہونے والے تشدد کے بارے میں انٹرایکٹو تربیتی پروگراموں کا نفاذ کریں جن میں جسمانی تشدد، بدسلوکی، ہراسگی، اور ڈرانے دھمکانے جیسے معاملات شامل ہیں۔ پوری ریاست میں 500 یا اس سے زیادہ ملازمین رکھنے والے کاروباری اداروں کے لیے لازمی قرار دیا گیا ہے کہ وہ 1 جنوری 2027 تک خاموش ردعمل بٹن تک رسائی فراہم کریں۔

  - **فیشن ورکرز ایکٹ** ماڈل مینجمنٹ کمپنیوں اور ماڈل مینجمنٹ گروپس سے اضافی ڈیوٹیوں اور ذمہ داریوں کی پابندی کروا کے اور NYSDOL کے پاس رجسٹر ہونا لازمی قرار دے کر ماڈلوں اور دوسرے فیشن کارکنوں کے ساتھ شفافیت اور منصفانہ سلوک کو یقینی بناتا ہے۔ جب سے یہ قانون نافذ ہوا ہے، 79 کمپنیوں نے رجسٹریشن کروا لی ہے۔

  - **ویئر ہاؤس ورکر انجری ریڈکشن پروگرام** سابقہ نافذ شدہ ویئر ہاؤس ورکر پروٹیکشن ایکٹ کے تحت آنے والے آجروں کو پابند بناتا ہے کہ وہ چوٹ میں کمی لانے کے پروگرام قائم اور نافذ کریں تاکہ کام سے متعلقہ چوٹوں کے خطرے کی شناخت کر کے ان میں کمی کی جا سکے۔

اجرتوں اور فوائد میں بہتری لانا

- **اجرتوں کے صنفی تفاوت کو کم کرنا:** گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) کے زیرِ قیادت، ریاست نیو یارک نے اجرتوں کے صنفی تفاوت کو کم کرنے اور ایک زیادہ منصفانہ لیبر مارکیٹ تخلیق کرنے کے لیے

پوری قوم کے سرکردہ اقدامات کیے ہیں، جن میں کم از کم اجرت میں اضافہ کرنا، ماقبلِ ولادت چھٹی کو تنخواہ کے ساتھ لازمی قرار دینا، اور اس سال، پانچ سال سے کم عمر کے تمام بچوں کے لیے یونیورسل چائلڈ کیئر کو ترجیح بنانا جیسے امور شامل ہیں۔ ریاست نیو یارک میں اب پورے ملک کے مقابلے میں اجرتوں کا صنفی تفاوت سب سے کم ہے — جو سنہ 2024 میں فی ڈالر 91.4 سینٹس جبکہ سنہ 2023 میں 87.3 سینٹس تھا۔ مزید معلومات کے لیے NYSDOL کی سالانہ Gender Wage Gap Report ملاحظہ کریں۔

- **ہیلتھی ٹرمینلز ایکٹ (Healthy Terminals Act) کو وسعت دینا**: جنوری میں، توسیع شدہ ہیلتھی ٹرمینلز ایکٹ کا نفاذ کیا گیا، جس نے ایکٹ کی اجرتوں کی شرحوں اور صحت و رخصت کے فوائد کو جان ایف کینیڈی (JFK) انٹرنیشنل اور لا گارڈیا ایئرپورٹس کے جز وقتی کارکنان تک توسیع دے دی۔ اس توسیع شدہ قانون میں 10 یا اس سے کم ملازمین والے چھوٹے آجروں کے لیے چھوٹ شامل ہے۔

- **کام کرنے والے خاندانوں کا ہب:** اس سال، NYSDOL نے اپنے Services for Working Families ہب کا آغاز کیا، جو ایک صارف دوست، آن لائن ویب سائٹ ہے اور خاندانوں کو زندگی اور کام کاج کے مختلف مراحل کے لیے دستیاب خدمات کے حصول میں مدد فراہم کرتی ہے۔ یہ ویب صفحہ ریاست نیو یارک کی پالیسیوں اور فوائد سے متعلقہ سے وسائل کو ایک مرکزی مقام پر یکجا کرتا ہے جن میں ریاست نیو یارک کے مختلف محکموں کی خدمات کے مفید لنکس بھی شامل ہیں، مثلاً تنخواہ کے ساتھ چھٹی اور فوائد، بچوں کی دیکھ بھال کے وسائل، اور ان نوجوانوں کے لیے وسائل جو افرادی قوت میں داخل ہو رہے ہیں۔

- **کارکنان کے معاوضوں میں بہتریاں:** گورنر Hochul (ہوکل) کے مالی سال 2027 کے بجٹ میں کارکنان کے معاوضوں میں فراڈ کا تدارک کرنے اور طبی دیکھ بھال تک رسائی بہتر بنانے کے لیے تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ 2027 کی ابتدا سے، ورکرز کمپنسیشن بورڈ (Workers' Compensation Board)گرانٹ سے فنڈ شدہ ایک نئے پروگرام کے تحت ڈسٹرکٹ اٹارنی کے دفاتر کو یہ اجازت دے گا کہ وہ کارکنان کے معاوضوں میں فراڈ ورکرز کے مقدمات چلانے کے لیے اضافی وسائل مختص کریں۔ مزید برآں، جنوری 2028 سے وہ تمام اہل لائسنس یافتہ فراہم کنندگان جنکی ساکھ اچھی ہے وہ نیو یارک کے زخمی ہونے والے کارکنان کا علاج کر سکیں گے، جس سے زخمی کارکنان کی صحت کی نگہداشت تک رسائی میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

- **ٹیئر 6 اصلاحات**: اس سال کے بجٹ میں ٹیئر 6 اصلاحات بھی شامل کی گئی تھیں، بشمول:

    - اساتذہ کے لیے ریٹائرمنٹ کی کم عمر؛

    - ریاستی اور مقامی کارکنان کے لیے حصہ ڈالنے کی کم کردہ شرحیں اور اوور ٹائم کی بڑھی ہوئی حدیں، جن میں نیویارک سٹی کے باہر کے پولیس اور فائر ڈیپارٹمنٹ کے اراکین بھی شامل ہیں؛ اور

    - اختیاری ریٹائرمنٹ پلان (Optional Retirement Plan) میں UUP اور PSC-CUNY ممبران کے لیے ملازم کی جانب سے حصہ ڈالنے کی کم شرح۔

- **روزگار اور تربیت کے لیے مواقع میں اضافہ**

1. **قومی اپرنٹس شپ ہفتہ**: ریاست نیو یارک نئے ابھرتے ہوئے کیریئرز میں کامیابی کے راستے فراہم کرنے میں قومی رہنما کی حیثیت رکھتی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے افرادی قوت کی ترقی کے ثابت شدہ اقدامات کی مدد و معاونت کا عزم مصمم کیا ہوا ہے، مثلاً رجسٹرڈ اپرنٹس شپ اور پری-اپرنٹس شپ پروگرامز۔

- رجسٹرڈ اپرنٹس شپس صحت کی دیکھ بھال، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنانس، بچوں کی دیکھ بھال، تعلیم، ٹرانسپورٹیشن، اور جدید مینوفیکچرنگ سمیت بلند طلب والے متعدد شعبوں تک وسعت پا چکی ہیں۔

- NYSDOL نے اس سال 30 جون 2026 تک تقریباً 18,000 اپرنٹسز، 600 سے زیادہ اسپانسرز اور 900 سے زیادہ پروگراموں کی مدد و معاونت کی ہے، اور اس سال اب تک پروگرام کی تکمیل کرنے پر 1,300 سے زیادہ سرٹیفکیٹس عطا کیے ہیں۔

2. **بلند طلب والے شعبوں کے بالغ طلباء کے لیے مفت کمیونٹی کالج کی فراہمی:** گورنر Hochul (ہوکل) کے مالی سال 2026 کے بجٹ میں SUNY اور CUNY کے ری کنیکٹ پروگرام کے ذریعے بالغ طلباء کے لیے مفت کمیونٹی کالج قائم کیا گیا ہے۔ SUNY اور CUNY کے کمیونٹی کالجز 25 سے 55 سال کی عمر کے ایسے بالغ طلباء کے لیے ٹیوشن، فیس، کتابوں، اور سپلائیز کا احاطہ کرتے ہیں جن کے پاس ڈگری نہ ہو اور وہ کسی بلند طلب والے شعبے میں ایسوسی ایٹ ڈگری حاصل کر رہے ہوں، مثلاً ایڈوانسڈ مینوفیکچرنگ، ٹیکنالوجی، نرسنگ اور تعلیم کے شعبوں میں۔ گورنر نے اس سال کے بجٹ میں لاجسٹکس، ایئر ٹریفک کنٹرول، اور پہلے سے کسی ڈگری کے حامل ان طلباء کو جو نرسنگ کی ڈگری حاصل کر رہے ہیں بلند طلب والے شعبوں کی فہرست میں شامل کر لیا ہے۔ اس پروگرام کو پوری ریاست کے کمیونٹی کالجوں کے علاوہ آٹھ SUNY کالجوں اور تین CUNY کالجوں کے ایسوسی ایٹ پروگراموں تک بھی وسعت دی جا رہی ہے۔ نیو یارک کے 12,000 سے زائد باشندے پہلے ہی اس پروگرام میں اندراج کروا چکے ہیں۔

3. **ورکنگ پیپرز کو جدید اور ڈیجیٹل بنانا**: گزشتہ برس، گورنر Hochul (ہوکل) نے نوجوانوں کی ملازمت کے سرٹیفیکیشن کے عمل کو جدید تر بنانے کے لیے قانون پر دستخط کیے تھے۔ گورنر کی ہدایت پر، NYSDOL ایک ایسا آسان ون اسٹاپ آن لائن پورٹل بنانے کے لیے بھرپور محنت کر رہا ہے جو نوجوان کارکنان، ان کے والدین اور سرپرستوں، اسکول ڈسٹرکٹس، اور نابالغ افراد کو ملازم رکھنے والے کاروباروں کے لیے پراسیس کو آسان بنا دے گا۔ اس نئے نظام کا آغاز اگلے سال کیا جائے گا۔

4. **نیو یارک کی سرکاری افرادی قوت کو مضبوط کرنے کے لیے متعدد اقدامات نافذ کرنا۔** ان میں یہ شامل ہیں:

- گورنر Hochul (ہوکل) کی انتظامیہ کے تحت ریاست نے New York Hiring (for Emergency Limited Placement Statewide (NY HELPS پروگرام کا آغاز کیا، جو ریاست کی بہت سی اسامیوں کے لیے ریاستی سول سروس امتحان کی لازمی شرائط کو عارضی طور پر معاف کر دیتا ہے۔ NY

HELPS پروگرام کے ایک جزو کے طور پر ریاست اور مقامی حکومت میں 64,000 سے زیادہ تقرریاں کی جا چکی ہیں۔

- محکمہ سول سروس (Department of Civil Service) ریاست بھر کے خطوں میں کمپیوٹر پر مبنی نئے ٹیسٹنگ مراکز کھول رہا ہے۔ اسکے علاوہ، ریاست نے 10 مراکز برائے حکومتی کیریئرز بھی تخلیق کیے جو ملازمت کے متلاشی افراد کو سول سروس کے نظاموں اور کیریئر کے مواقع کے بارے میں رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

- سول سروس کا محکمہ امیدواروں کے لیے ایک نیا مینجمنٹ سسٹم تیار کر رہا ہے تاکہ عوام کے لیے دستیاب ملازمتوں کی بھرتی کے عمل کو بہتر اور تیز تر کیا جا سکے، جس سے بھرتی کے طریقہ کار کو تقویت اور تیز رفتاری ملے گی تاکہ سب سے زیادہ اہل امیدواروں کو کھلی اسامیوں کے ساتھ تیزی سے اور منصفانہ طور پر ہم آہنگ کیا جا سکے۔

- سول سروس نے پچھلے دو سالوں میں متعدد کامیاب ملٹی میڈیا مہمات چلائیں جن میں ریاست نیو یارک کی پبلک سروس میں دستیاب کیریئرز کے وسیع مواقع اجاگر کیے گئے، اور اسکے علاوہ نیو یارک کے پہلے چیف ڈس ایبلیٹی آفیسر (Chief Disability Officer) کے ساتھ شراکت داری میں ایک ایسی مہم چلائی گئی جس میں معذوری کے شکار نیویارکرز کے لیے مواقع نمایاں کیے گئے۔

- ریاست نے سول سروس کے تقریباً 800 نئے اور پروموشن درجے والے عہدوں کے لیے قابلیتیں اپ ڈیٹ کیں تاکہ ملازمتیں تلاش کرنے والوں کا جائزہ لیتے وقت کالج کی ڈگریوں کے متبادل کے طور پر مساوی تجربے کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے یہ اعلان بھی کیا کہ یوم مزدور کے موقع پر ریاست نیو یارک کے 17 اہم اور تاریخی مقامات پر سرخ، سفید، اور نیلے رنگ کی روشنیوں سے چراغاں کیا جائے گا۔ یوم مزدور پر مندرجہ ذیل اہم اور تاریخی مقامات پر چراغاں کیا جائے گا:

1. ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر (One World Trade Center)
2. گورنر ماریو ایم کیومو برج (Governor Mario M. Cuomo Bridge)
3. کوزی اوشکو برج (Kosciuszko Bridge)
4. دی ایچ کارل مک کال SUNY بلڈنگ (The H. Carl McCall SUNY Building)
5. سٹیٹ ایجوکیشن بلڈنگ (State Education Building)

6. الفریڈ ای سمتھ سٹیٹ آفس بلڈنگ (Alfred E. Smith State Office Building)
7. ایمپائر سٹیٹ پلازہ (Empire State Plaza)
8. سٹیٹ فیرگراؤنڈز - مین گیٹ اور ایکسپو سینٹر (State Fairgrounds – Main Gate & Expo Center)
9. نیاگرا فالز (Niagara Falls)
10. "فرینکلن ڈی روزویلٹ" مڈ-ہڈسن برج ("Franklin D. Roosevelt" Mid-Hudson Bridge)
11. گرینڈ سینٹرل ٹرمینل - پرشنگ سکوائر وایاڈکٹ (Grand Central Terminal - Pershing Square Viaduct)
12. البنی انٹرنیشنل ایئرپورٹ گیٹ وے (Albany International Airport Gateway)
13. لیک پلیسڈ اولمپک سینٹر (Albany International Airport Gateway)
14. Penn - MTA LIRR سٹیشن پر ایسٹ اینڈ گیٹ وے (MTA LIRR - East End Gateway at Penn Station)
15. ایری کینال پر فیئرپورٹ لفٹ پل (Fairport Lift Bridge over the Erie Canal)
16. مائنیہان ٹرین ہال (Moynihan Train Hall)
17. روزویلٹ آئی لینڈ لائٹ ہاؤس (Roosevelt Island Lighthouse)

ریاست نیو یارک کے لیبر ڈپارٹمنٹ کی کمشنر Roberta Reardon (رابرٹا ریرڈن) نے کہا، "آج ہم اپنی ریاست کے دل اور روح — یعنی نیو یارک کی جذبے سے سرشار افرادی قوت — کا جشن منا رہے ہیں۔ بطور لیبر کمشنر، مجھے ان کامیابیوں اور کامرانیوں پر بے انتہا فخر ہے جو ہم نے گورنر Hochul (ہوکل) کی قیادت میں حاصل کی ہیں، جس سے یہ امر یقینی بنا ہے کہ ریاست نیو یارک کام کرنے، رہائش اختیار کرنے، اور خاندان کی پرورش کرنے کے لیے ایک محفوظ اور حسب استطاعت جگہ ہے۔ یوم مزدور اس حقیقت کی ایک طاقتور یاد دہانی ہے کہ کارکنوں کے حقوق حاصل کرنے میں اجتماعی کارروائی نے کتنا اہم کردار ادا کیا ہے، اور ریاست نیو یارک کا محکمہ محنت کام کی محفوظ جگہوں اور منصفانہ اجرتوں کے لیے اپنی جدوجہد مسلسل جاری و ساری رکھے گا۔"

محکمہ سول سروس کے کمشنر اور سول سروس کمیشن کے صدر Timothy R. Hogues (ٹیمیوتھی آر ہوگیز) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) نے جب سے اپنا عہدہ سنبھالا ہے، تب سے عوامی افرادی قوت کی حمایت و معاونت کے متعلق انکا موقف بالکل واضح اور مستحکم رہا ہے۔ گورنر کی قیادت میں، محکمہ سول سروس پبلک سروس میں ملازمت کرنے کے خواہشمند افراد اور سرکاری ملازمین دونوں کے لیے داخل ہونے اور ترقی کرنے کے راستے آسان بنا رہا ہے۔ NY HELPS کے ذریعے جو عوام کے لیے دستیاب بہت سی سرکاری ملازمتوں کے امتحانات کو عارضی طور پر موقوف کر دیتا ہے ایسے نئے کمپیوٹر بیسڈ ٹیسٹنگ مراکز کھولنے تک جن سے ہمارے ان پُرعزم ریاستی ملازمین کے لیے رسائی اور مواقع میں اضافہ ہو رہا ہے جو اپنے کیریئرز میں آگے بڑھنا چاہتے ہیں، گورنر Hochul (ہوکل) خوب سمجھتی ہیں کہ مضبوط عوامی افرادی قوت روزانہ کی بنیاد پر نیو یارک کے خاندانوں کی مدد بھی کرتی ہے اور ایمپائر اسٹیٹ کو رہنے اور کام کرنے کے لیے ایک بہترین جگہ بھی بناتی ہے۔"

ریاست نیو یارک کے ورکرز کمپنسیشن بورڈ (Workers' Compensation Board) کی چیئر Freida D. Foster (فریڈا ڈی فوسٹر) نے کہا، "یوم مزدور ایک یاد دہانی ہے کہ ہر کارکن نہ صرف اپنی محنت کو تسلیم کیے جانے کا حقدار ہے، بلکہ اس یقین دہانی کا بھی حقدار ہے کہ جب وہ زخمی ہوں گے یا کام کرنے کے قابل نہیں ہوں گے تو ان کی مدد و معاونت کی جائے گی۔ اب جبکہ ہم افرادی قوت کے تمام افراد کو خراج تحسین پیش کر رہے ہیں تو ہم وہ اہم تبدیلیوں کرنے میں مدد کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتے ہیں جن سے ریاست نیو یارک کے کارکنان کے معاوضوں کا نظام بہتر ہو کر کارکنان اور مالکان دونوں کو یکساں فائدہ پہنچا رہا ہے۔ خاص طور سے گورنر کی "گیم چینجر" یونیورسل آتھرائزیشن (Universal Authorization) قانون سازی کا شکریہ جسکی بدولت کام کے دوران زخمی ہونے یا بیمار ہونے والے مزدوروں کے پاس ڈاکٹر سے بروقت علاج حاصل کرنے کے پہلے سے کہیں زیادہ آپشنز ہوں گے اور ہمارا نیا اینٹی فراڈ پروگرام کارکنان کے معاوضے کے نظام کو سب کے لیے زیادہ منصفانہ اور زیادہ حسب استطاعت بنانے میں بہت مددگار ثابت ہوگا۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔